2467-انٹرنیٹ سروس میں سرمایہ کاری کرنا

سوال

بالآخر اللہ تعالی نے میرے لیے اپنی جنت کا راستہ کھول دیا اور میں نے اسلام قبول کرلیا، میری خواہش ہے کہ میں انٹرنیٹ کے متعلق اسلام کی رائے معلوم کروں، کیونکہ میں انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے والی کمپنی مائیکروسافٹ میں سرمایہ کاری کرنے کی رغبت رکھتا ہوں، جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ انٹرنیٹ استعمال کرنے کا معاملہ اسے استعمال کرنے والے کے ہاتھ میں ہے وہ چاہے ننگی اور برہنہ عورتوں کی تصاویر دیکھنے کا فیصلہ کرے یا پھر مفید معلومات کا مشاہدہ کرے، لیکن مجھے علم ہے کہ امریکہ میں انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں میں سے ساٹھ فیصد 60% لوگ ان غلط قسم کی ویب سائٹوں کا ویزٹ کرتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

جب یہ مسئلہ آپ
پر متشابہ ہے اور پھر جب آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس طرح کی سرمایہ کاری کی قسم میں انٹرنیٹ
استعمال کرنے والے کو اس بات کا موقع ہے کہ وہ نقصان دہ یا پھر فائدہ مند صفحات
دیکھے، اور اسے استعمال کرنے والوں کی نصف سے زیادہ تعداد غلط اور نقصان دہ صفحات
کو دیکھتے ہیں، تو پھر آپ کو اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مندرجہ ذیل
فرمان پر عمل کرنا چاہیے :

"جو تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر
ایسی چیز کو لو جو تجھے شک میں نہ ڈالے"

ترمذی حدیث نمبر (2442). امام
ترمذی رحمہ اللہ تعالی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے.

لہذا آپ اس عمل کو چھوڑ کر سرمایہ
کاری کے لیے کوئی ایسا کام تلاش کریں جو حلال ہو.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو حلال اور
پاکیزہ کمائی کرنے کو توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم.